سوال

(07) رمضان المبارک میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آنحضرت ﷺ نے جو فرمایا ہے کہ رمضان المبارک میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، اور دوزخ کے بند ہو جاتے ہیں تو مبارک ماہ میں کافر و مشرک کو مرنے سے کچھ فائدہ پہنچتا ہے یا نہیں! اور فاسق وفاجر کو بھی عذاب قبر سے نجات ملتی ہے، یا نہیں؟ کیونکہ مسلم ایمان دار کے لیے تو ہر حال میں نجات کی صورت ہوتی ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

کافر ہو یا مشرک، مومن ہو یا فاسق بعد موت اعمال کے نتائج مرتب ہوں گے، نہ کی رمضان کے، دوزخ کے دروازہ بند ہونے سے کافر عذاب سے نہیں بچ سکتے، خدا کے ہاں عذاب کئی ایک قسم کے ہیں۔ اعاذنا اللہ منھا۔

(۱۷ شوال ۳۱ھ)

شرفیہ: ... یہ بند و کشاء دوزخ جنت صرف صائم کے لیے ہے، نہ کہ کافر مشرک و نافرمان کے لیے۔ ورنہ شیطان بھی تو ہے۔ فافھم وتدبر۔ (ابو سعید شرف الدین دہلوی، (فتاویٰ ثنائیہ، جلد ۱ ص ۴۱۴)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 89

محدث فتویٰ